فوری ریلیز کے لیے: 14/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

محفوظ تر گلیاں: گورنر HOCHUL کی جانب سے عہدہ سنبھالنے کے بعد سے تحفظ عامہ میں تقریباً $4 بلین کی سرمایہ کاری، جبکہ ریاست میں جرائم میں مسلسل کمی دیکھی جا رہی ہے

گورنر نے مقامی اور ریاستی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ریکارڈ معاونت فراہم کی ہے

ریاست نیو یارک میں انڈیکس جرائم میں 10 فیصد کمی، جبکہ جرائم کی تمام سات اقسام میں بھی کمی دیکھی گئی ہے

فائرنگ سے ہلاکتیں 62 فیصد کم ہوئیں، قتل 57 فیصد کم ہوئے

چوری کی وارداتوں میں 28 فیصد کمی جبکہ گاڑیوں کی چوری کے واقعات میں 19 فیصد کمی

گورنر Hochul (ہوکل) نے آج نیو یارک کے شہریوں کو تحفظ عامہ کے سلسلے میں اپنی اُن ریکارڈ سرمایہ کاریوں کے بارے میں آگاہ کیا، جن کے نتیجے میں ان کے پورے دورِ اقتدار کے دوران جرائم اور بندوقوں کے پرتشدد استعمال میں نمایاں کمی آئی ہے۔ تاحال، گورنر نے تحفظ عامہ کے اقدامات، جن میں بندوقوں کے پُرتشدد استعمال کا تدارک، سب وے کا تحفظ، نفرت پر مبنی جرائم کا خاتمہ اور بارڈر سیکیورٹی شامل ہیں، کے لیے تقریباً $4 بلین کی سرمایہ کاری کی ہے، جبکہ لانگ آئی لینڈ سے لے کر بفلو تک مقامی اور ریاستی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو تاریخی معاونت فراہم کی ہے۔ نتیجتاً، ریاست نیو یارک میں انڈیکس جرائم میں 10 فیصد کمی آئی ہے، جرائم کی تمام سات اقسام میں بھی کمی ہوئی ہے، جبکہ گورنر کے منصب پر فائز ہونے کے پہلے مکمل سال سے اب تک فائرنگ کے واقعات میں ہونے والی اموات میں 60 فیصد سے زیادہ کمی آئی ہے۔

"منصب سنبھالنے کے بعد سے نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنا میری اوّلین ترجیح رہی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اگرچہ Trump (ٹرمپ) انتظامیہ نے اہم نوعیت کے انسداد دہشت گردی اور ٹرانزٹ سیکیورٹی کے اقدامات کے لیے فنڈنگ میں کٹوتی کی ہے اور گن لابی کے لیے رعایتیں دی ہیں، تاہم ہم نے تحفظ عامہ کے ریاست گیر پروگرامز کے لیے تقریباً $4 بلین کی سرمایہ کاری کی ہے اور جرائم کی شرحوں کو ریکارڈ کم ترین سطح تک پہنچایا ہے۔ بطور گورنر میرا مسلسل عزم رہا ہے کہ واشنگٹن کی معاونت ہو یا نہ ہو، میں نیو یارک کے شہریوں کے تحفظ کے لیے اپنی دسترس میں موجود ہر کام کرتی رہوں۔"

نتیجتاً جنوری سے مارچ 2026 تک، 2022 کی اسی مدت کے مقابلے میں، ریاست نیو یارک میں انڈیکس جرائم میں مجموعی طور پر 10 فیصد کمی آئی ہے جبکہ جرائم کی تمام سات اقسام میں بھی کمی ہوئی ہے۔ اس میں پُرتشدد جرائم کے چار درجے یعنی قتل، عصمت دری، ڈکیتی اور بہیمانہ حملہ شامل ہیں جن میں 15 فیصد گراوٹ آئی ہے اور املاک سے متعلقہ جرائم کے تین درجے یعنی نقب زنی، چوری اور گاڑیوں کی چوری شامل ہیں جن میں 9 فیصد کمی آئی ہے۔

مزید نمایاں پہلوؤں میں قتل میں 57 فیصد کمی، نقب زنی میں 28 فیصد اور گاڑیوں کی چوری میں 19 فیصد کمی شامل ہیں۔

جنوری سے جولائی 2026 تک کی مدت کا 2022 کی اسی مدت سے موازنہ کیا جائے تو ریاست نیو یارک میں زخمی ہونے والے افراد کے ساتھ فائرنگ کے واقعات میں 57 فیصد کمی، گولی لگنے والے افراد کی تعداد میں 57 فیصد کمی، اور فائرنگ کے نتیجے میں ہونے والی اموات میں 62 فیصد کمی آئی ہے۔

گورنر Hochul کی جانب سے تحفظِ عامہ میں کی گئی سرمایہ کاریوں کی جھلکیوں میں شامل ہیں:

- بندوقوں کے پُرتشدد استعمال کی روک تھام کے پروگرامز کے لیے $1 بلین سے زیادہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں میں ٹیکنالوجی اور سازوسامان کے اپ گریڈز کے لیے $202 ملین اور دیگر معاونت کے ضمن میں تقریباً $50 ملین، جس میں ریاست بھر کی پولیس ایجنسیوں کے زیرِ استعمال فرسودہ ریکارڈ مینجمنٹ سسٹم کو تبدیل کرنے کے لیے $25 ملین شامل ہیں؛
- استغاثہ کے لیے معاونت کی مد میں $680 ملین سے زائد؛
- دفاعی معاونت کے لیے $667 ملین سے زیادہ جس میں قید کے متبادل، مقدمے سے قبل کی خدمات اور عام زندگی میں واپسی کے پروگرامز شامل ہیں؛
- قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی موجودگی میں اضافے، حفاظتی اپ گریڈز اور SCOUT ٹیمز کے ضمن میں سب وے کی حفاظت کے لیے $300 ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری، جس کے نتیجے میں موسم گرما میں دوران ٹرانزٹ ہونے والے جرائم کی تعداد میں تاریخی کمی آئی ہے؛
- نفرت پر مبنی جرائم سے کمیونٹیز کا تحفظ نامی گرانٹس کے لیے $165 ملین؛
- ریٹیل چوریوں کا مقابلہ کرنے کے لیے $120 ملین؛ اور
- بارڈر سیکیورٹی اور تحفظ کی خاطر $12 ملین۔

مالی سال 2027 کے دوران گورنر Hochul (ہوکل) نے تحفظِ عامہ میں ریکارڈ سرمایہ کاریوں کا سلسلہ ان اقدامات کے ذریعے جاری رکھا:

- بندوق کے پُرتشدد استعمال کی روک تھام کی گرانٹس کے لیے $352 ملین؛
- پلیٹ فارمز اور ٹرینوں پر پولیس کی موجودگی میں اضافہ جاری رکھنے کے لیے $122 ملین؛
- نفرت پر مبنی جرائم سے کمیونٹیز کا تحفظ (Securing Communities Against Hate Crimes, SCAHC) نامی پروگرام کے لیے $35 ملین
- کاؤنٹی شیرفس کی جانب سے نفاذ قانون اور اصلاحی مقاصد کے لیے منعقد کی جانے والی سرگرمیوں کے لیے $14 ملین؛
- DNA اور منشیات کے تجزیے کی ٹیکنالوجی میں اپ گریڈز، نیز منظوری اور مہارت کی ٹیسٹنگ کے لیے $6.7 ملین کا اضافہ؛
- ڈرون ٹیکنالوجی کے لیے ایک جامع منصوبہ تیار کرنے کے لیے ریاستی پولیس کے لیے $5 ملین؛
- کرائم اینالسز سینٹر (Crime Analysis Center, CAC) نیٹ ورک میں توسیع اور ریاست بھر میں کوریج کی تکمیل کے لیے ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں ایک نئے مرکز کے قیام کے لیے $4.5 ملین؛
- ملکیتی دستاویزات کی چوری کی روک تھام اور اس سے نمٹنے کے لیے $4.5 ملین؛
- ریاستی پولیس کے آٹو تھیفٹ یونٹ (Auto Theft Unit, ATU) کی توسیع کے لیے $2 ملین؛ اور
- گھریلو سطح پر تیار کی جانے والی 3 ڈی پرنٹڈ گنز کے خطرے سے تحفظ کے لیے ایک ٹاسک فورس کے لیے $500,000۔

###

گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔